**22.02.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................. شبانہ رحمان

**Music**

☆ وزیر اعظم نریندر مودی اگلے مہینے ماریشس کی قومی دن کے تقریبات میں مہمانِ خصوصی ہوں گے۔ ماریشس کے وزیر اعظم نے اسے ملک کے لیے باعث فخر قرار دیا۔

☆ تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان نے پُر زور الفاظ میں کہا ہے کہ نئی قومی تعلیمی پالیسی بھارت کو عالمی سطح پر لے جانے کے مقصد سے بنائی گئی ہے۔

☆ نئی دلّی میں تین روزہ پوسا کرشی میلہ شروع ہوگیا ہے، جس میں زرعی شعبے کی نِت نئی ٹیکنالوجی اور انواع و اقسام کے بیجوں کی نمائش کی گئی ہے۔

☆ بھارت اور پاکستان نے سرحدوں پر امن و استحکام برقرار رکھنے کی غرض سے 2021 کے جنگ بندی سمجھوتے کا احترام کرنے سے اتفاق کیا ہے۔

☆ امریکہ میں، ڈونالڈ ٹرمپ انتظامیہ نے، امریکی فوج کے اعلیٰ جنرل اور بحریہ کے سربراہ کو برطرف کر دیا ہے۔

☆ Gulveer Singh نے Booston میں BU Terrier DMR چیلنج میں مردوں کی پانچ ہزار میٹر کی انڈور ریس میں ایشیائی ریکارڈ قائم کر کے تاریخ رقم کی ہے۔ اس طرح انہوں نے 2025 کے عالمی Athletics چمپئن شپ کے لیے کوالیفائی کر لیا ہے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-MAURITUIUS GUEST OF HONOUR**

وزیر اعظم نریندر مودی اگلے مہینے ماریشس کے 57 ویں قومی دن کی تقریبات میں مہمانِ خصوصی ہوں گے۔ ماریشس کے وزیر اعظم نوین رام غلام نے پارلیمنٹ سے خطاب کرتے ہوئے یہ اعلان کیا۔ جناب رام غلام نے یہ بھی کہا کہ ماریشس کیلئے یہ بڑے فخر کی بات ہے کہ وہ جناب مودی جیسی ممتاز شخصیت کا اُن کی بہت زیادہ مصروفیات کے باوجود اُن کی میزبانی کرے

گا۔ انہوں نے جناب مودی کے خیرمقدم پر زور دیتے ہوئے اس بات کو اجاگر کیا کہ بھارت اور ماریشس کے درمیان مضبوط اور پائیدار تعلقات ہیں۔ جناب رام غلام نے مزید کہا کہ جناب مودی نے اعزازی مہمان کے طور پر ان کی دعوت کو قبول کرلیا ہے۔ یہ دورہ بھارت-ماریشس تعلقات کی اہمیت پر مزید زور دیتے ہوئے وزیراعظم نریندر مودی کے پیرس اور امریکہ کے حالیہ دوروں کے بعد ہوگا۔ ماریشس ہر سال 12 مارچ کو اپنا قومی دن مناتا ہے۔ یہ دن 1968 میں برطانوی حکمرانی سے اُس کی آزادی کا دن ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے پچھلے سال مہمان خصوصی کی حیثیت سے ماریشس کے قومی دن کی تقریبات میں شرکت کی تھی۔×

## PRADHAN DU CONVOCATION

مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان نے کہا ہے کہ نئی تعلیمی پالیسی اس طرح مرتب کی گئی ہے کہ بھارت کو عالمی سطح پر لے جایا جا سکے۔ آج نئی دلّی میں، دلّی یونیورسٹی کے 101 ویں جلسۂ تقسیم اسناد سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے یہ بات کہی۔ جناب پردھان نے اس بات پر زور دیا کہ 2020 کی قومی تعلیمی پالیسی کو پورے ملک میں، عملی جامہ پہنانے سے ہی بھارت کو 2047 تک ایک ترقی یافتہ ملک بنانا ممکن ہوگا۔ جناب پردھان نے کہا کہ ملک کی 60 فیصد آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے۔ انہوں نے طلبا پر زور دیا کہ وہ وزیر اعظم مودی کے وِکست بھارت کے نصب العین کو آگے بڑھانے کے لیے کام کریں۔

## KRISHI VIGYAN MELA

آج نئی دلّی میں پُوسا کرشی وِگیان میلہ شروع ہوا۔ اس تین روزہ میلے کا موضوع ہے: 'اُنّت کرشی وِکست بھارت'۔ کسانوں کی فلاح و بہبود اور زراعت کے مرکزی وزیر زراعت شیو راج سنگھ چوہان نے اس میلے کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے جناب چوہان نے کہا کہ سن 2047 تک بھارت کو ترقی یافتہ ملک بنانے میں زراعت اور کسان ایک اہم کردار ادا کریں گے۔ اس سال کے میلے کی ایک اہم بات زرعی تحقیق کے اس ادارے کی طرف سے وضع کردہ نِت نئی ٹیکنالوجی اور متنوع اقسام ہیں۔ میلے میں جانے والوں کو زرعی تحقیق سے متعلق اس ہندوستانی ادارے، کرشی وِگیان کیندر اور کسانوں کی پیداوار سے متعلق تنظیموں، اسٹارٹ اَپ اور دوسرے زرعی سائنسدانوں کی نئی نئی ٹیکنالوجی اور مصنوعات دیکھنے کا بھی موقع ملے گا۔×

## BJP KERALA

بی جے پی نے کیرالہ سرکار پر الزام لگایا ہے کہ وہ اپنی نا اہلی اور ناکامی کی وجہ سے ASHA ورکروں کی تنخواہیں اور بقایاجات دینے میں ناکام رہی ہیں۔ نئی دلّی میں پارٹی صدر دفتر میں نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے پارٹی کے قومی سیکریٹری

انل انٹونی نے یہ الزام لگایا۔ انہوں نے کہا کہ قومی صحت مشن کے تحت تقریباً 26 ہزار **ASHA** کارکنوں کو اُن کی تنخواہوں سے محروم کر دیا گیا ہے۔×

**PM-MAN KI BAAT**

وزیراعظم نریندر مودی کل آ کاشوانی پر 'من کی بات' پروگرام میں ملک اور بیرون ملک کے لوگوں کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 119 واں نشریہ ہوگا۔ یہ پروگرام آ کاشوانی اور دور درشن، **AIR** نیوز ویب سائٹ اور نیوز آن **AIR** موبائل ایپ کے تمام تر نیٹ ورک پر نشر کیا جائے گا۔ اسے **AIR** نیوز، **DD** نیوز، **PMO** اور اطلاعات ونشریات کی وزارت کے یوٹیوب چینلوں پر بھی براہ راست نشر کیا جائے گا۔ آ کاشوانی ہندی نشریئے کے فوراً بعد اس پروگرام کو علاقائی زبانوں میں نشر کرے گا۔×

**DELHI CM-MODI**

دلّی کی وزیر اعلیٰ ریکھا گپتا نے آج قومی راجدھانی میں وزیر اعظم نریندر مودی سے اُن کی رہائش گاہ پر ملاقات کی۔ انہوں نے کل صدر جمہوریہ اور نائب صدر جمہوریہ سے بھی گفتگو کی تھی۔×

**MAHAKUMBH-SRN HOSPITAL**

اس مہینے کی 26 تاریخ کو مہاشیوراتری کے پیش نظر پریاگ راج میں **Swaroop Rani Nehru (SRN)** اسپتال میں **ICU** بستروں کی تعداد بڑھا کر 147 کردی گئی ہے۔ مہاکنبھ کے آخری مرحلے کے دوران عقیدت مندوں کے وہاں پہنچنے کی تعداد میں اضافے کے امکان کے ساتھ اسپتالوں میں دیگر ایمرجنسی طبی سہولیات کو بھی بڑھادیا گیا ہے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ یہ اضافہ مہاکنبھ کے دوران بروقت طبی دیکھ بھال فراہم کرنے کے اترپردیش حکومت کے صحت خدمات فراہم کرنے کی پہل کا ایک حصہ ہے۔×

**DELHI POLICE WALKATHON**

دلّی پولیس کے قیام کے دن کی تقریبات کے موقع پر آج صبح دلّی میں **Walkathon** کا اہتمام کیا گیا، جس کا مقصد منشیات کے استعمال کے خلاف سب کو متحد کرنا اور منشیات سے پاک دلّی اور ایک صحتمند ماحول کو فروغ دینا ہے۔ دلّی پولیس کے کمشنر سنجے اروڑا، اولمپک میں چاندی کا تمغہ حاصل کرنے والے روی کمار دھیّا اور ارجن ایوارڈ حاصل کرنے والی اور کُشتی کی چیمپئن **Sarita Mor** نے اس واکاتھون کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے روی کمار

دھیّا نے کہا کہ ہر ایک کو منشیات سے گریز کرنا چاہیے۔ سریتا مور نے بھی دلّی پولیس کی کوششوں کی ستائش کی اور نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ منشیات سے دور رہ کر صحتمند رہیں۔

## INDIA PAK CEASEFIRE

بھارت اور پاکستان نے، 2021 کے جنگ بندی سمجھوتے کا احترام کرتے ہوئے سرحد سے متصل علاقوں میں امن و سکون برقرار رکھنے سے اتفاق کیا ہے۔ انہوں نے اس امر سے بھی اتفاق کیا ہے کہ آئندہ کسی بھی غلط فہمی کی روک تھام کے لیے اقدامات تلاش کیے جائیں گے۔ بھارت اور پاکستان کی فوج کے نمائندوں کے درمیان کل جموں و کشمیر کے پُنچھ ضلع میں بریگیڈ سطح کے کمانڈروں کی ایک فلیگ میٹنگ ہوئی تھی۔ سرحد پار کی حالیہ فائرنگ کے کئی واقعات اور بین الاقوامی سرحد اور حقیقی کنٹرول لائن IED کے واقعات کے بعد پیدا شدہ کشیدگی دور کرنے کے مقصد سے یہ میٹنگ ہوئی تھی۔ پُنچھ میں Chakan-Da-Bagh کراسنگ پر خوشگوار ماحول میں یہ میٹنگ ہوئی۔ فریقین نے سرحد سے متصل علاقوں میں امن و استحکام برقرار رکھنے کے لیے جنگ بندی کی اہمیت پر زور دیا۔×

## IMD-WEATHER

بھارتی موسمیات کے محکمے IMD نے کل تک مشرقی بھارت میں کہیں کہیں اور دور دور تک کچھ مقامات پر گرج چمک اور ژالہ باری کے ساتھ بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ مغربی بنگال کے طاس کے علاقوں، جھارکھنڈ اور اوڈیشہ میں زیادہ تر علاقوں میں ژالہ باری کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے 24 فروری کی رات سے مغرب کی سمت ہونے والی موسم کی تازہ تبدیلی کے سبب شمال مغربی بھارت کے متاثر ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ اس کے زیر اثر جموں و کشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان، مظفر آباد اور ہماچل پردیش کے زیادہ تر علاقوں میں منگل سے دو روز تک گرج چمک کے ساتھ بڑے پیمانے پر اوسط بارش اور برفباری ہونے کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے مزید کہا ہے کہ شمال مغربی بھارت میں اگلے چار روز کے دوران زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں دو سے چار ڈگری سیلسیس تک اضافہ ہونے کا امکان ہے۔ اس کے بعد موسم میں کوئی خاص تبدیلی نہیں ہوگی۔×

## INDIA-JAPAN MILTARY EXERCISES

بھارتی فوج کا 120 اہلکاروں پر مشتمل دستہ بھارت- جاپان مشترکہ فوجی مشق دھرما گارجین کے چھٹے ایڈیشن میں حصہ لینے کیلئے آج روانہ ہو گیا ہے۔ مذکورہ مشق 24 فروری سے 9 مارچ تک جاپان کے مشرقی Fuji میں Maneuver تربیتی علاقے میں منعقد کی جائے گی۔ اِس مشق کا مقصد، اقوام متحدہ کے منشور کے تحت شہری مشترکہ جنگی مہم اور انسداد دہشت گردی

سے متعلق کارروائیوں کو انجام دیتے وقت دونوں فورسز کے درمیان باہمی تعاون کو وسعت دینا ہے۔×

## TRUPM FIRES AIR FORCE GENERAL

امریکہ کے صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے، ملک کے اعلیٰ فوجی افسر اور چیئرمین چیف آف اسٹاف چارلس کیو برون کو برطرف کر دیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ٹرمپ نے جنرل چارلس کیو برون کا 40 سال تک ملک کی خدمت کرنے کے لیے شکریہ ادا کیا اور مستقبل میں، چارلس اور اُن کے اہلِ خانہ کی فلاح و بہبود کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ جناب ٹرمپ نے فضائیہ کے لیفٹننٹ جنرل Dan Razin Caine کو نیا جوائنٹ چیف آف اسٹاف مقرر کیا ہے۔×

## GULVEER SINGH RECORD

اتھلیٹکس میں، Hangzhou ایشیائی کھیلوں میں کانسے کا تمغہ جیتنے والے گُلویر سنگھ نے 13 منٹ میں 5 ہزار میٹر کی مردوں کی انڈور ریس میں پہلا مقام حاصل کرلیا ہے۔ 13 منٹ میں یہ ریس مکمل کرکے انہوں نے تاریخ رقم کی ہے۔ بوسٹن میں BU Teerrier DMR چیلنج میں حصہ لیتے ہوئے گُلویر نے 12 منٹ 59 اعشاریہ 77 سیکنڈ میں ریس ختم کرکے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ اس کے ساتھ بھارت کیلئے نہ صرف نیا قومی ریکارڈ قائم ہوا ہے بلکہ 5 ہزار میٹر کی ایشیائی دوڑ میں بھی ایک نیا ریکارڈ قائم ہوا ہے۔×

## CRICKET ICC CHAMPAION TROPHY

مردوں کے ICC چیمپئن ٹرافی ٹورنامنٹ کے ایک میچ میں آج پاکستان کے شہر لاہور میں آسٹریلیا کا مقابلہ انگلینڈ کے ساتھ ہوگا۔ گروپ-بی کا یہ میچ ہندوستان وقت کے مطابق دن میں ڈھائی بجے شروع ہوگا۔×

## HOCKEY FIH PRO LEAGUE

ہاکی کے FIH پرولیگ میں، کل رات بھوبنیشور کے کلنگا ہاکی اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں بھارت کی مردوں کی ٹیم نے آئرلینڈ کو تین-ایک سے شکست دی۔ دونوں ہی ٹیمیں آج شام اسی مقام پر پھر آمنے سامنے ہوں گی۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔ اس سے قبل خواتین کے زمرے میں بھارت جرمنی سے صفر-چار سے ہار گیا۔ دونوں ہی ٹیموں کا آج شام سوا پانچ بجے اسی مقام پر پھر مقابلہ ہوگا۔×

**TENNIS PUNE CHALLENGER**

ٹینس میں آج پونے اوپن چیلنجر میں مردوں کے ڈبلز کے فائنل میں بھارت کے جیون **Nedunchezhiyan** اور اُن کے ساتھی کھلاڑی وِجے سُندر پرشانت کا سامنا بلیک**Bayldon** اور **Matthew Christopher Romios** کی آسٹریلیائی جوڑی سے ہورہاہے۔ اس سے قبل کل سیمی فائنل میں جیون **Nedunchezhiyan** اور پرشانت کی اعلیٰ سیڈ کی بھارتی جوڑی زمبابوے کی **Niki Kaliyanda Poonacha** اور **Courtney John Lock** کی جوڑی کو سات-چھ / چھ-چار سے شکست دے کر فائنل میں پہنچی ہے۔×

**RUSHDIE ATTACKER**

نیوجرسی سے تعلق رکھنے والے ایک شخص **Hadi Matar** کو مشہور برطانوی-بھارتی مصنف سلمان رشدی پر قاتلانہ حملہ کرنے کی کوشش کیلئے مجرم قرار دیا گیا ہے۔ اس نے یہ حملہ سال **2022** میں اگست میں نیویارک میں ہوئے ایک لیکچر کے دوران کیا، جس میں جناب رشدی شدید زخمی ہوگئے تھے۔ اس حملے کی وجہ سے ان کے گردے کو نقصان پہنچا، ایک آنکھ کی بینائی چلی گئی اور ان کے ایک ہاتھ کو لقویٰ مار گیا تھا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆